صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 02 مئی 2017ء بمطابق 5 شعبان 1438ہجری بعداز دوپہر تین بجکر تیس منٹ پر منعقد ہوا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر، مہرتاج روغانی مسند صدارت پر متمکن ہوئیں۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطَـٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمَـٰنِ الرَّحِیمِ۔

یَـٰٓأَیُّہَا ٱلَّذِینَ ءَامَنُوا۟ کُونُوا۟ قَوَّٰمِینَ لِلَّہِ شُہَدَآءَ بِٱلۡقِسۡطِ ۖ وَلَا یَجۡرِمَنَّکُمۡ شَنَـَٔانُ قَوۡمٍ عَلَىٰٓ أَلَّا تَعۡدِلُوا۟ ۚ ٱعۡدِلُوا۟ ہُوَ أَقۡرَبُ لِلتَّقۡوَىٰ ۖ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّہَ ۚ إِنَّ ٱللَّہَ خَبِیرُۢ بِمَا تَعۡمَلُونَ۝ وَعَدَ ٱللَّہُ ٱلَّذِینَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ ۙ لَہُم مَّغۡفِرَةٌ وَأَجۡرٌ عَظِیمٌ۝ وَٱلَّذِینَ کَفَرُوا۟ وَکَذَّبُوا۟ بِـَٔایَـٰتِنَآ أُو۟لَـٰٓئِکَ أَصۡحَـٰبُ ٱلۡجَحِیمِ۝ یَـٰٓأَیُّہَا ٱلَّذِینَ ءَامَنُوا۟ ٱذۡکُرُوا۟ نِعۡمَتَ ٱللَّہِ عَلَیۡکُمۡ إِذۡ ہَمَّ قَوۡمٌ أَن یَبۡسُطُوٓا۟ إِلَیۡکُمۡ أَیۡدِیَہُمۡ فَکَفَّ أَیۡدِیَہُمۡ عَنکُمۡ ۖ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّہَ ۚ وَعَلَى ٱللَّہِ فَلۡیَتَوَکَّلِ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ۔

(ترجمہ): اے ایمان والوں! خدا کے لیے انصاف کی گواہی دینے کے لیے کھڑے ہو جایا کرو۔ اور لوگوں کی دشمنی تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ انصاف چھوڑ دو۔ انصاف کیا کرو کہ یہی پرہیزگاری کی بات ہے اور خدا سے ڈرتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان سے خدا نے وعدہ فرمایا ہے کہ ان کے لیے بخشش اور اجر عظیم ہے۔ اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ جہنمی ہیں۔ اے ایمان والو! خدا نے جو تم پر احسان کیا ہے اس کو یاد کرو۔ جب ایک جماعت نے ارادہ کیا کہ تم پر دست درازی کریں تو اس نے ان کے ہاتھ روک دیئے اور خدا سے ڈرتے رہوں اور مومنو کو خدا ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیئے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جزاک اللہ ۔ رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي۔ وَيَسِّرْ لِيْ أَمْرِي۔ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي۔ يَفْقَهُوا قَوْلِي۔ آج کا ایجنڈا بہت بڑا ہے میں ریکویسٹ کرتی ہوں کہ Please cooperate with me کہ ہم ٹائم پہ ختم کر سکیں۔

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

Madam Deputy Speaker: Questions and Answers, please. First of all Questions/Answers. Janab Mufti Said Janan Sahib, Mufti Janan, Absent ہے تو یہ Lapse ہو گیا۔ Maulana Mufti Fazal Ghafoor Sahib, he was here in the morning, he was in my Chamber, Maulana Mufti Fazal Ghafoor Sahib، نہیں ہے تو یہ Lapse ہو گیا۔ جناب سردار حسین چترالی، جناب سردار حسین چترالی صاحب، نہیں ہے تو یہ Lapsed ہو گیا۔ جناب فخر اعظم وزیر صاحب۔

* 4761 _ جناب فخر اعظم وزیر: کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے دریاؤں اور سیلابی نالوں میں سیلاب سے بچنے کے لئے حفاظتی بند تعمیر کئے ہیں;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو موجودہ حکومت نے کن کن جگہوں پر حفاظتی بند تعمیر کئے ہیں اور ان پر کتنا خرچہ آیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سکندر حیات خان (سینیئر وزیر آبپاشی): (الف) جی ہاں۔

(ب) موجودہ حکومت نے دریاؤں اور سیلابی نالوں میں سیلاب سے بچنے کے لئے مختلف جگہوں پر حفاظتی بند تعمیر کئے ہیں جس کی ڈویژن وائز تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

Mr. Fakhr-e-Azam Wazir: Madam Speaker, I am satisfied from the Senior Minister of Irrigation, so, I am going to withdraw my Question.

Madam Deputy Speaker: Okay, thank you very much, next Question, Mr. Fakhr-e-Azam Wazir.

* 4768 _ جناب فخر اعظم وزیر: کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2013 سے تاحال ضلع بنوں کو فنڈ دیا گیا ہے;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2013 سے تاحال ضلع بنوں کو دیئے گئے فنڈ کی مکمل تفصیل حلقہ وائز فراہم کی جائے؟

جناب سکندر حیات خان (سینیئر وزیر آبپاشی): (الف) جی ہاں۔

(ب) فنڈ فراہمی کی حلقہ وائز تفصیل درج ذیل ہیں۔

(ملین روپے)

2016-17	2015-16	2014-15	2013-14	PK
21.1823	-	-	-	PK-70
0.6676	15.38	-	-	PK-71
2.00	32.86	35.24	4.08	PK-72
1.50	27.995	7.166	-	PK-73

Mr. Fakhr-e-Azam Wazir: Madam the same position is here .I am also to withdraw these Questions.

Madam Deputy Speaker: Thank you very much. Mr. Sardar Hussain Chitrali Sahib.

نہیں ہے تو یہ کوئسچن Lapse ہو گیا۔ اچھا Okay ji, Finance Minister! You want to thank him okay.

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): میں نے فخر اعظم صاحب کا جو جو سوالات تھے۔ میرے خیال میں فنانس کے بارے میں جو سولات تھے۔

جناب فخر اعظم وزیر: یہ آبپاشی کے بارے میں ہیں۔

وزیر خزانہ: اچھا ٹھیک ہے جو فنانس کے بارے میں ہیں تو میں ایڈوانس میں شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب فخر اعظم وزیر: جناب میں فنانس کے بارے میں جو سوالات ہیں، اس کو Withdraw نہیں کرونگا بلکہ میں Present کرونگا اسکو میڈم! اور۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: فخر اعظم! فی الحال Wait کریں جب آ جائے کوئسچنز۔ جناب سردار حسین چترالی صاحب، نہیں ہے تو یہ کوئسچن Lapse ہو گیا۔ مفتی سید جانان صاحب، نہیں ہے تو یہ کوئسچن Lapse ہو گیا۔ یہ مفتی سید جانان صاحب نے تو بہت ریکویسٹ کی تھی کوئسچنز کے لئے، سپیشل ریکویسٹ کی تھی آج کے لئے، اوکے جناب مفتی سید جانان صاحب، جناب مفتی جانان صاحب، تو جناب مفتی سید جانان صاحب

نہیں ہے تو یہ کوئسچن Lapse ہو گیا۔ جناب سردار حسین چترالی صاحب، جناب سردار حسین چترالی صاحب، تو جناب سردار حسین چترالی صاحب نہیں ہے تو یہ کوئسچن Lapse ہو گیا۔ جناب فخراعظم خان!

Mr. Fakhr-e-Azam Wazir: Madam! This question 4761?

Madam Deputy Speaker: Yes.

Mr. Fakhr-e-Azam Wazir: Madam! The same position is here, I am going to withdraw this Question.

Madam Deputy Speaker: Withdraw the Question. Okay, thank you Janab Fakhr-e-Azam Sahib.

جناب فخراعظم وزیر: میڈم یہاں میرا کوئسچن ہے آیا یہ درست ہے کہ موجودہ۔

Madam Deputy Speaker: Please, please read your Question number.

Mr. Fakhr-e-Azam Wazir: Madam! The Question number is 4765.

. Madam Deputy Speaker: Ji.

* 4765 _ جناب فخراعظم وزیر: کیا وزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے 70 بلین روپے کا قرضہ ورلڈ بنک سے سود پر لیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ قرضہ کیوں لیا گیا اور یہ کہاں کہاں پر استعمال ہو رہا ہے نیز مذکورہ قرضہ سود پر لیا گیا ہے تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): (الف) جی نہیں، موجودہ حکومت نے اب تک ایسا کوئی قرضہ ورلڈ بنک سے نہیں لیا ہے۔ البتہ بیرونی قرضہ جات پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ کے دائرہ کار میں شامل ہیں۔

(ب) ایضاً۔

جناب فخراعظم وزیر: آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے 70 billion روپے قرض ورلڈ بینک سے سود پہ لیا ہے تو گورنمنٹ نے جواب دیا جی نہیں موجودہ حکومت نے اب تک ایسا کوئی قرضہ ورلڈ بینک سے نہیں لیا البتہ بیرونی قرضہ جات پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ کے دائرہ کار میں شامل ہیں میڈم میرا سوال یہ ہے کہ مجھے حکومت بتائے کہ انہوں نے ستر بلین روپے کے لئے انہوں بہت ہی کوشش کی کہ اس کو سود پہ لیا جائے لیکن میرے خیال میں اس کے ہاتھ کچھ آیا نہیں ہے ابھی تک تو میں اپنے منسٹر صاحب سے یہ کوئسچن میرا ہے کہ اس کا مجھے جواب دیں کہ یہ آپ نے پیسے لئے ہیں کہ نہیں لئے؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: فخراعظم Sorry فنانس منسٹر صاحب۔

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): شکریہ میڈم سپیکر۔ میں فخر اعظم وزیر صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے بات اٹھائی ہے اس کو جواب بھی دیا گیا ہے کہ As such حکومتیں قرضے لیتے بھی ہیں اور اس کے مشکلات بھی ہوتے ہیں اور اس کی پالیسی بھی ہوتی ہے۔ گو کہ ہم نے پچھلے بجٹ میں 12 ارب کا ایڈوانس اسمبلی سے ہم نے Approval بھی لی تھی لیکن تاحال ہم نے۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: بابک صاحب، بابک صاحب ډیر Important جواب ورکوی هغه، جی۔

وزیر خزانہ: تو میں فخر اعظم صاحب کا مشکور ہوں کہ اس قسم کا قرضہ نہیں لیا گیا ہے ویسے اگر ہوتا تو ہاؤس کو پھر ہم Inform بھی کریں گے ہاؤس سے کچھ بھی چیز کوئی بھی چیز نہ ہم چھپا سکتے ہیں نہ چھپانے کی ہے تو ابھی تک کچھ قرضہ نہیں لیا گیا ہے اگر ہے تو انشاء اللہ پھر ہاؤس کے سامنے رکھیں گے لیکن ابھی تک کوئی قرضہ نہیں لیا گیا ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی فخر اعظم۔

جناب فخر اعظم وزیر: میڈم سپیکر! اگر انہوں نے قرضہ نہیں لیا تو انہوں نے یہ 125 ارب روپے کا جو ترقیاتی بجٹ ہے وہ کہاں کہاں سے پورا کیا ہے اس کا ذرا مجھے تفصیلات دیں پھر۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی فنانس منسٹر صاحب۔

وزیر خزانہ: فخر اعظم صاحب جو میں نے بالکل کلیئر سی بات کی کہ ورلڈ بنک سے کوئی قرضہ نہیں لیا گیا ہے۔ نہ کوئی پروگرام ہے اس حوالے سے اور میں نے اس لئے بات کی کہ حکومتیں اپنے منصوبے اور پالیسی کے مطابق چلتے رہتی ہیں اور حکومتیں قرضے لیتے رہتے ہیں۔ کوئی ایسی بات نہیں ہے لیکن ابھی تک ہم نے کوئی چیز نہیں لیا ہے۔ اس لئے میں کہہ رہا ہوں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: فخر اعظم صاحب فنانس منسٹر Is categorically saying that he Categorically وہ۔ hasn't taken any

جناب فخر اعظم وزیر: تو ٹھیک ہے میڈم تو پھر مجھے بتائیں کہ 125 ارب روپے انہوں نے کہاں کہاں سے لیا ہے قرضے۔ تو کوئی تو انکو پورا کر سکا۔ انہوں نے جو قرضے لئے ہیں۔ قرضے کی کوشش کر رہے تھے تو انہوں نے کس مد میں لیا اور کس سے لئے۔ ذرا انکی تفصیلات فراہم کریں بس۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: فخر اعظم صاحب۔ فخر اعظم صاحب۔

وزیر خزانہ: میڈم سپیکر Let me to explain بات یہ ہے کہ میں نے جس طرح کہا ہے کہ حکومت کی پالیسی ہوتی ہیں Process ہوتی ہیں اور اسکو مشکلات ہوتے ہیں۔ کوئی اس میں وہ نہیں ہیں لیکن ہمارا سوچ   (مداخلت)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: عنایت، عنایت پلیز، پلیز میں کچھ بھی سن پا رہی ہوں۔

وزیر خزانہ: ہمارا خیال تھا ہمارا پروگرام تھا کہ ہم Revenue generation کے لئے ہم نیٹ ہائیڈرل پرافٹ کے حوالے سے کچھ Improvement کریں۔ ہم چاہیتے کہ ہم انرجی اینڈ پاور میں کچھ Improvement کریں یہ ہماری ایک تو پلان میں ایک پروگرام ہے۔ لیکن اس کے لئے بھی ہمارے پلان ابھی تک نامکمل ہیں نہ ہم نے کسی سے قرضہ لیا ہے۔ گو کہ اگر ہم قرضہ لیں گے تو ریونیو جنریشن کے لئے کریں گے اور پھر اس پہ۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: میں ذرا یہ، Let me read the question آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے 70 بلین روپے قرضہ ورلڈ بنک سے لیا ہے سود پہ لیا ہے۔ جواب ہے جی نہیں۔ اگر اسکے علاوہ آپ کے کوئسچن ہے تو آپ Further لیں آئیں کہ وہ کیا کرینگے، کیسے کرینگے۔ وہ میں Further entertain کرونگی۔ اس میں وہ نہیں ہو سکتا۔ آپ کے کوئسچن کا جواب نہیں ہے۔ Next فخر اعظم خان وزیر صاحب۔ پلیز کوئسچن نمبر Read کیا کریں، پلیز کوئسچن نمبر Read کریں۔

جناب فخر اعظم وزیر: کوئسچن نمبر 4769۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی۔

* 4769   جناب فخر اعظم وزیر: کیا وزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مالی سال 17-2016 کے بجٹ کے کل حجم 505 ارب روپے میں سے 125 ارب روپے ترقیاتی کاموں کے لئے مختص کئے گئے تھے جن میں نئی اور جاری سکیمیں شامل تھیں؟

(ب)   اگر (الف)   کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک 125 ارب روپے میں کتنے ریلیز ہو چکے ہیں اور اس کے برعکس کتنے پیسے دیئے گئے نیز تمام اضلاع کو جاری شدہ فنڈ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ):   (الف)   جی ہاں۔

(ب) 125 ارب روپے میں سے اب تک (یعنی تیسری سہ ماہی) 80.611 روپے (64.5%) ریلیز کئے جا چکے ہیں۔ اضلاع کو جاری شدہ فنڈز کی تفصیل ذیل ہے:

S.No	Grant No.	SECTOR	ALLOCATION 2016-17	RE-APPROPRIATION BY P&D	Additional Funds	Revised Allocation	Total Releases	%Releases Against

				Addl:/ Supply	Surrender	other Than Re-app:	2-=016-17	Against RE	RE
STATEMENT SHOWING TOTAL REVISED RELEASES AND REVISED ESTIMATES OF ADP 2016-17 AS ON 09.03.2017									
S.No	Grant No.	SECTOR	ALLOCATION 2016-17	RE-APPROPRIATION BY P&D		Additional Funds other Than Re-app:	Revised Allocation 2016-17	Total Releases Against RE	%Releases Against RE
				Addl:/ Supply (+)	Surrender (-)				
	50	Agriculture	3,991.000	0.000	1,180.519		2,810.481	2,096.610	75%
	50	Auqaf & Minority Affairs	366.000	0.000	0.000		336.000	274.500	75%
	50	Mines & Mineral Dev	622.000	0.000	0.000		622.000	393.602	63%
	50	Labour Welfare	85.000				85.000	20.547	24%
	50	Home	2,420.000				2,420.000	1,815.000	75%
	50	Social Welfare	460.000	0.000	0.000		460.000	345.000	75%
	50	Food	732.000				732.000	164.543	22%
	50	Forestry	2,007.000	0.000	0.000		2,007.000	1,777.128	89%
	50	Environment/EPA	57.000	0.000	0.000		57.000	42.750	75%
	50	Sports & Tourism	3,113.000		100.000		3,013.000	2,259.750	75%
	50	Industries	1,641.000				1,641.000	1,162.641	71%
	50	ST & IT	610.000				610.000	457.000	75%
	50	Information	180.000	546.200			726.200	581.200	80%
	50	Building	1,439.000		400.000		1,039.000	779.250	75%
	50	Housing	540.000				540.000	405.000	75%
	50	Transport	176.000	0.000	0.000		176.000	132.000	75%
	50	Law & Justice	1,365.000	0.000	0.000		1,365.000	1,023.750	67%
	50	Relief & Rehabilitation	2,215.000		10.910		2,204.090	1,483.506	73%
Total of Grant 50			22,019.000	546.200	1,691.429	0.000	29,873.771	15,213.777	97%
	51	Finance	1,608.000	0.000		306.524	1,914.521	1,848.203	56%
		Multi Sartorial	3,240.000		628.059		2,611.941	1,462.574	75%
	51	Board of Revenue	637.000				637.000	477.750	70%
	51	Excise & Tax. & NC	234.000		35.000		199.000	139.500	91%
	51	Local Govt.	4,938.516	546.200	2,403.800	2,731.578	5,812.494	5,266.275	73%
	51	Urban Dev.	5,552.000		1,000.000		4,552.000	3,318.188	75%
	51	Pro-Poor Special Initiatives	1,900.000	0.000	1,400.000	1,377.544	1,877.544	1,408.158	79%
Total of Grant 51			18,109.516	546.200	5,466.839	4,445.643	17,604.500	13,920.648	75%
	52	DWSS	4,213.484	546.200			4,759.681	3,569.763	75%
Total of Grant 52			4,213.484	546.200	0.000	0.000	4,759.684	3,569.763	75%
	53	E&SE Sector	12,453.000	819.300	0.000		13,272.300	9,954.225	75%
	53	Higher Education	4,784.000	0.000	0.000		1,784.000	3,588.000	75%
Total of Grant 53			17,237.000	819.300	0.000	0.000	18,056.300	13,542.225	75%
	54	Health	10,751.000	546.200	0.000		11,197.200	8,412.351	75%
	54	Population Welfare	230.000	0.000	58.645		171.355	128.516	75%
Total of Grant 54			10,881.000	546.200	58.645	0.000	11,368.555	8,540.867	75%
	55	Water	7,050.000	819.300	0.000		7,869.000	5,902.000	75%
	55	Energy & Power	37.000				37.000	27.720	75%
Total of Grant 55			7,087.000	819.300	0.000	0.000	7,906.300	5,929.720	75%
	56	Road & Bridges	11,553.000	3,246.798	454.909	8,500.000	22,844.889	20.875.965	91%
Total of Grant 56			11,553.000	3,246.798	454.909	8,500.000	22,844.889	20.875.965	91%
TOTAL PROVINCIAL ADP			91,100.000	7,070.198	7,671.842	12,915.643	103,413.999	81,592.965	79%
	58	District ADP (*)	33,900.000			61.380	33,961.380	21,672.630	64%

Total District ADP 58			33,900.000	0.000	0.000	61.380	33,961.380	21,672.630	64%
	57	PSDP Federal Funds				1,979.340	1,979.340	1,979.340	100%
	59	Foreign Assisted Projects	36,000.000				36,000.000	7,298.857	20
GRANT TOTAL			161,000.000	7,070.198	7,671.842	14,956.363	175,354.719	112,543.792	64%

<u>جناب فخر اعظم وزیر</u>: میرا کوئسچن یہ ہے کہ آیا یہ درست ہے کہ مالی سال 17-2016 کے بجٹ کے کل حجم 505ارب روپے میں سے 125 ارب روپے ترقیاتی کاموں کے لئے مختص کئے گئے تھے۔ جن میں نئے سکیمیں اور جاری سکیمیں بھی شامل تھیں۔ انہوں نے ہاں میں جواب دیا۔ لیکن "ب" میں اگر الف کا جواب اثبات میں ہوں تو ابھی تک 125 ارب روپے میں کتنے Releasedہو چکے ہیں اور اسکے برعکس کتنے پیسے دیئے گئے ہیں۔ نیز تمام اضلاع کو جاری شدہ فنڈ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔ میڈم یہاں پہ انہوں نے جو غلطی کی ہے۔ میں نے تفصیلات مانگے ہیں۔ نیز تمام اضلاع کو جاری شدہ فنڈز کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔ تو انہوں نے اضلاع کی تفصیل نہیں دی ہے بلکہ انہوں نے سیکٹر وائز دیا ہے۔ حالانکہ میں نے اضلاع کی تفصیلات ان سے مانگے کہ ایک اضلاع میں جس طرح کہ نوشہرہ، چارسدہ، مردان اس میں آپ نے کتنے کتنے پیسے دیئے اور کن کن سیکٹروں میں دیئے ہیں۔یہاں پر انہوں نے صرف سیکٹرMentioned کیا اضلاع کی انہوں نے کوئی تفصیلات نہیں ہیں۔اور میڈم سپیکر اگر انکے پاس تفصیلات نہیں ہیں تو میرے پاس ہیں۔ میں پیش کرونگا۔۔۔۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: دیکھیں Excuse me moverکو تو ختم کرنے دیں۔Moverبول رہا ہے اور آپ اور آپ کریں،Moverکو تو ختم کرنے دیں کیا کر رہے ہیں۔ جی فخر اعظم۔ فخر اعظم یس۔

<u>جناب فخر اعظم وزیر</u>: میڈم میں انکی تفصیلات فراہم کروں ایک منٹ۔ میڈم انکی تفصیلات اس طرح ہیں۔ کہ میڈم کل 500ارب روپے کا جو بجٹ اس میں سے 125 ارب روپے ترقیاتی اس کے لئے مختص کیا تھا۔اس میں کل 56ارب، 61 کروڑ، 72لاکھ روپے انہوں نے کل Allocate کئے ہیں۔ جنہوں نے اس میں 35ارب 98کروڑ Releasedہو چکی ہے اور پشاور کے لئے ہیں 12ارب 49کروڑ روپے۔ جس میں انہوں نے Released کیا ہے 72کروڑ 63لاکھ روپے۔ اب یہاں پر میڈم بہت ہی ایک قسم کی بے انصافی ہے۔ بے انصافی کا یعنی میں کہتا ہوں انصاف کی اس موجودہ گورنمنٹ نے دھجیاں اڑادی وہ کس طرح، نوشہرہ کے لئے انہوں نے Released کئے ہیں۔4ارب 56کروڑ 37لاکھ روپے اور اسکے Against releasedہوئے ہیں۔3 ارب 88کروڑ روپے۔ اب پورے نوشہرہ کا فنڈ 4

ارب56کروڑروپے اور دوسری طرف پوری جنوبی اضلاع کا فنڈ3ارب 88کروڑروپے ہے۔ یعنی کہ جنوبی اضلاع کوہاٹ، کرک، بنوں، ڈی آئی خان، کرک، ٹانک ان سب کا3ارب88کروڑروپے ہے اور صرف ضلع نوشہرہ کا4ارب56کروڑروپے ہے یعنی کہ تقریباً ایک ارب پچاس،اکیس کروڑروپے زیادہ بنتا ہے۔ ان پورے سات اضلاع سے۔ یعنی سات اضلاع، آٹھ اضلاع ایک طرف اور ایک نوشہرہ ایک طرف۔ ایک نوشہرہ کے اوپر آپ لوگوں نے پورے جنوبی اضلاع کو قربان کر دیا۔ پھر سنیں۔ پھر آگے سنیں، دوسری طرف۔ نواضلاع کیلئے آپ لوگوں نے سولہ ارب، باون کروڑروپے مختص کئے ہیں، سولہ ارب باون کروڑ۔ اور دوسری طرف پندرہ اضلاع کیلئے آپ لوگوں نے پانچ ارب چھیالیس کروڑروپے، یعنی تین گنا زیادہ۔ نواضلاع پندرہ اضلاع سے تین گنا زیادہ ہے۔ تو میڈم سپیکر یہ کیا ہے؟اتنی بے انصافی؟اورآپ لوگ توClaimکرتے ہیں کہ ہماری انصاف والی گورنمنٹ ہے۔اور دوسری طرف آپ ایک نوشہرہ پرپوری جنوبی اضلاع کو قربان کر رہے ہیں۔اور یہ بڑی اس کی بات ہے کہ اس دفعہ اس میں ٹانک کیلئے، یہ پوری تفصیل ہے میڈم، یہ پوری تفصیل ہے پورے ضلعے کی۔ٹانک کیلئے انہوں نے مختص کئے ہیں صرفTen Millionصرف.Ten Million. This is on recordاب یہاں پر یہ پوری ریکارڈ ہمارے پاس ہے۔ تو کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اتنی زیادتی تو مت کریں۔اتنی زیادتی تو مت کریں۔کم از کم ان لوگوں کے پاس مینڈیٹ ہے۔آپ تو مینڈیٹ کی توہین کر رہے ہیں، آپ مینڈیٹ کی دھجیاں اڑا رہے ہیں۔ وہاں پر اگر تحریک انصاف کی گورنمنٹ نہیں عوام تو ہیں، بنگلہ دیش سے تو نہیں آئے،افغانستان سے تو نہیں آئے، اسی پاکستان، پاکستان کے لوگ ہیں اور اسی پاکستان کے باشندے ہیں اور یہاں کے Citizenہیں۔آپ نے تو آرٹیکل،Constitutionکے آرٹیکل تین کی بھیViolationکر دی ہے میڈم سپیکر۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> اوکے۔ فنانس منسٹر صاحب۔ فنانس منسٹر صاحب۔

<u>مظفر سید(وزیر خزانہ):</u> شکریہ میڈم سپیکر۔ میرے خیال میں سب کو موقع دے دیں۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> اوکے۔سب سے پہلے ستار صاحب، سب سے پہلے ستار صاحب۔ ستار صاحب And then Bithani and then Jaffar Shah.ستار صاحب۔آپ ایک دوسرے کو بولنے نہیں دے رہے ہیں مجھے تو یہ سمجھ نہیں آرہی ہے۔ اپوزیشن والے۔

جناب عبدالستار خان: .Thank you Madam بڑا اہم سوال ہے 4769 اس میں میرا سپلیمنٹری کوئسچن ہے میڈم۔ میں گزارش کروں گا کہ اسی سوال پر، ایسے ہی سوال پر، Annual Development Plan پر میں نے Rule48 کے تحت ایک سوال آیا تھا اسی اسمبلی کے فلور پر۔ میں نے نوٹس دیا تھا۔ اس پر For detailed discussion۔ ایک تو اس پر بحث نہیں ہوا ہے۔ دوبارہ وہ سوال آیا نہیں ہے، ایک بات۔ میڈم! اسی پر میں سپلیمنٹری سوال کے ساتھ میں تھوڑی وضاحت کروں گا کہ اس صوبے کیلئے جو 1 ارب 25 کروڑ روپے کو جو Development Plan تھا جس کو اس صوبائی اسمبلی نے Approve کیا تھا۔ آج تک، اس دن سوال آیا، CM صاحب نے ہمیں فلور پر تو یہ بتایا کہ چونکہ اپوزیشن، آپ مجھ سے فنڈ مانگ رہے ہیں، ریلیز کی بات کرتے ہو۔ ہم نے اپنے ممبران کو بھی ابھی تک ہم نے اس کو تقسیم نہیں کیا ہے۔ یہ ریکارڈ کی بات ہے اور اس اسمبلی فلور پر CM صاحب نے اس ہاؤس کو Respond کیا ہے۔ میڈم یہ جو وسائل ہیں اس پر ڈی آئی خان سے لے کر کوہستان تک تمام اضلاع کا برابری کی بنیاد پر حق ہے ہمارا۔ آپ ہمارے کسٹوڈین ہیں۔ ہم اس صوبے کی اپنے اپنے حلقوں سے اس عوام کی نمائندگی کرتے ہیں اسی اسمبلی فلور پر۔ یہ، یہ وسائل جو ہیں، یہ فنڈ جو ہیں، یہ کسی ایک ضلعے کا نہیں ہے، یہ کسی ایک ڈیویژن کا نہیں ہے، یہ کسی ایک علاقے کا نہیں ہے میڈم۔ ہم نے گزارش کی تھی بجٹ کے بعد کہ وسائل کی تقسیم کیلئے ابھی تک ہمارا کوئی PFC نہیں بنا ہے۔ جس بنیاد پر ہم نے مرکز سے زیادہ وسائل لی ہیں۔ اسی بنیاد پر، اسی فارمولے کے تحت وسائل کی Equally Base پر تقسیم ہو اضلاع کے علاقے، حد تک یا حلقوں کی حد تک۔

Madam Deputy Speaker: Sattar Sahib, please come to your question.

جناب عبدالستار خان: میں تھوڑی وضاحت کرتا ہوں میڈم یہ بڑا اہم سوال ہے۔ اس پر ہماری، ہمارے سوسائٹی میں بہت بڑے احساس کمتری کا شکار ہیں ہمارے عوام۔ ہمیشہ ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ جہاں سے کوئی حکومت کا وزیر اعلیٰ آتا ہے یا وزیر ہوتا ہے اس علاقوں کو وسائل کی تفویض زیادہ ہوتا ہے۔ پسماندگی، غربت اور Priority Requirement کو نہیں دیکھا جاتا ہے۔ اس لئے ہمارا بہت بڑا گلہ ہوتا ہے۔ اس ہاؤس میں ہمارا گلہ ہے، آپ سے ہمارا گلہ ہے کہ اس بات کو روکا جائے۔ ورنہ پورے خیبر پختونخوا میں بہت احساس کمتری کا شکار ہوں گے لوگ اور ہم Disparity کی طرف جائیں گے۔ میرے کوہستان کا بھی حق ہے، ڈی آئی خان کا بھی حق ہے، ٹانک کا بھی حق ہے، شانگلے کا بھی حق ہے۔ مجھے اگر وہاں پر

ضرورت ہے وسائل کی تو مجھے ADP میں، میرے عوام کو کیوں محروم کیا جاتا ہے۔ یہ سوال ہے۔ اس لئے ایک تو غلط بیانی کی گئی ہے اس سوال میں۔ ہمیں ہاؤس کو بتایا گیا کہ ابھی تک کوئی ADP ہم نے ریلیز نہیں کیا ہے۔ ہم نے استعمال، تقسیم نہیں کیا ہے۔ ایک اس کا جواب دیا جائے کہ Floor of the House سی ایم صاحب نے ہمیں اس ہاؤس کو بتایا ہے، Assurance دی ہے کہ صرف اپوزیشن نہیں گورنمنٹ کے جو Treasury Benches کے جو ممبران ہیں اس کے حلقوں کو بھی ابھی ہم نے فنڈز ابھی تک تقسیم نہیں کئے ہیں۔ ایک تو یہ بات۔ اس کی وضاحت کی جائے کہ ،اور یہاں پر وہ کہتے ہیں کہ 80% انہوں نے ریلیز کئے ہیں۔ جس طرح میرے بھائی نے سوال لایا ہے، حق بجانب ہے اس نے پورا ریکارڈ لایا ہے۔ اس لئے میں Rule 48 کے تحت میں دوبارہ نوٹس کرتا ہوں اس سوال کو کہ وہ اس سوال کو اسمبلی میں For Detailed discussion پیش کیا جائے۔ بس میری گزارش یہی ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے ، بهتني صاحب ستاسو ،جعفر شاه صاحب بهتني صاحب مخکښې وئیلے وو ، بیا ستاسو ۔ بهتني صاحب۔

جناب جعفر شاہ: میډم ، ما هم دعه خبره کوله کنه چې

محترمہ ڈپٹی سپیکر: هم هغه دا هم وائی کنه

جناب محمود احمد خان: بس دغه ،میډم دغه خبره ،تهینک یو میډم۔ دغه خبره ده چې منسټر صاحب د دا وضاحت اوکړی چې څنګه دا فخر اعظم صاحب اووئیل چې دا کوم دوئی وائی چې مونږ ریلیز کړی دی اؤ تقریباً 80% دوئی لیکلی دی۔ مونږ چې څومره اپوزیشن MPAs دی دغو ته په ریلیز کښې اوکه پیسے ملاؤ شوی نه دی۔ خالی د حکومت غاړے ته چې کوم د حکومت ممبران دی هغوئی ته ملاؤ شوی دی۔ کم از کم مونږ منسټر صاحب ته دا وایو چې ګوره د وفاق دپاره تاسو جنګ کوئی مونږ تاسو سره تیار یو۔ خو چې کله په صوبے کښے تاسو وسائل تقسیم کوئی بیا په خپله کښې سره کښېنئی ،تاسو یې تقسیم کړئی۔ مهربانی د دا اوکړی منسټر صاحب وائی چې پیسے نشته ،ریلیز نشته۔ دلته په جواب کښې منسټر صاحب وائی چې مونږ 80% کړے دے۔ کم ازکم دے خو د چې دا کومې مونږ اپوزیشن والا ممبران دی دغو سره د هم محنت اوکړی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی۔ جعفر شاه صاحب۔ جعفر شاه صاحب۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو میډم، ما هم دغه خبره کوله چې د Detailed discussionد پاره دا کوئسچن مونږSubmit کړو، نوټس هم ورکړو According to rules.خو میډم خبره دا ده چې د دې نه مخکښې هم مونږه د Detailed discussion د پاره نوټسې ورکړې دی او هغه تر اوسه پورې ډسکشن تر اوسه پورې په هغه ایشوز باندې اونشو زما به دا ګزارش وی چې دا په Priority باندې واخلی اؤ په دې سیشن کښې په دې باندې ډسکشن اوشی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ثناءالله صاحب If you که تاسوهم د دې تپوس، د دې تپوس کوئ، دا مونږه ډسکشن ته ایږدو، بیا به په هاغه ورخ تیار راشے۔ډسکشن ته به ئې کیږدو بیا به ته تیار په هغه ورخ راشے۔

وزیر خزانہ: میڈم اس وقت اس کی، میڈم، میڈم سپیکر!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: یہ کون بول رہا ہے؟ جی فنانس، فنانس منسٹر۔

وزیر خزانہ: میڈم سپیکر بات یہ ہے کہ ان کو، انہوں نے جو سوال کیا ہے اس کو جواب بھی دیا گیا ہے اور میں کہتا ہوں کہ جہاں پراجیکٹس ہوں وہاں ریلیز، ویسے ریلیز کم ہوئے ہیں۔ ریلیز ہم کرتے رہے ہیں اور سال کے آخر میں کریں گے۔ ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ میرے خیال میں ڈسکشن کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اس پر یہاں پر بحث ہو گئی ہے اور یہ سوال یہاں تک کافی ہے۔ اور اس کو میرے خیال میں ڈسکشن کی، مزید اس کیلئے کوئی وہ نہیں ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: میډم سپیکر دا زما ورور،آنریبل منسټر فنانس He is challenging the rules. He cannot challenge the rules.دا According to rules, I have the right to, to give the notice.

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اودریږه ثناءالله صاحب به څه ډیر ښکلے یودوه الفاظAdd کړی۔ثناءالله صاحب!

جناب صاحبزادہ ثناءاللہ: میډم سپیکر ډیره شکریه مهربانی۔میډم سپیکر څه داخبره کوم اؤدا په ریکارډ باندې موجود ده چې کومAllocationپه 2016-

17 کبنے شوے وواؤ مونږه ټولو ضلعو ته چې کومAllocationشوے وود هغے صرف یو د غه تا سو ته ښایم اؤ د ے۔

(شور)

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> اوکے، ثوبیہ، ثوبیہ، یہ دیکھ لیا ہے بس اب آپ جائیں۔ دیکھ لیا ہے۔ فنانس منسٹر پلیز۔

<u>صاحبزادہ ثناء اللہ:</u> میډم سپیکر زما خبره خوپورا نه شوه، ما خبره خو او نه کړه۔ میډم سپیکر۔

<u>وزیر خزانہ:</u> ذرامرکز میں بھی یہ، یہ کارڈز Displayکریں تاکہ مرکزPSDPمیں خیبر پختونخواکوکیا مل رہی ہے؟ یہ ہمیں صرف نہ دکھائیں ہم سمجھتے ہیں۔ تھوڑامرکز جائیں اور مرکز میں بھی اس کو مرکزی حکومت کے سامنے بھی دکھائیں۔ تاکہ آپ نے کیا کچھ دیا ہے ان کو۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> نگہت بی بی، نگہت، نگہت بس یہ سب نے دیکھ لیا ہے۔ پلیز آپ اپنی سیٹ پر بیٹھ جائیں (شور) ثناء اللہ، ثناء اللہ صاحب۔ ثناء اللہ صاحب۔

<u>صاحبزادہ ثناء اللہ:</u> میډم سپیکر۔ ډیره مهربانی۔ چونکه هغوی راغلل نوپه دې وجه باندې هغه خبره ما پوره نکړے شوه، د Allocationخبره کیده جی۔ میډم سپیکر، دا د اے ډی پی نمبرې دی، دا په ریکارډ باندې موجود دی چې کوم Allocation شوے وو مونږ ته، ټولو ضلعو ته یا کومو سکیمونو ته۔ میډم سپیکر، دا یو سکیم دے،دا ADPنمبر دے150967په دیکښېAllocationدے ،میډم سپیکر زما دا خبره لږه واؤرئی۔Allocationدکال د پاره شوے دے5ملین اؤ ریلیزز شوی دی30ملین۔ میډم سپیکر د دوئی په خپلو حلقو،زمونږ په دیربالا اؤ په دیر پائین کښې اووه حلقې دی۔ په اووه حلقو کښې91,92,93,94,95,97پورې شپږو حلقو ته ریلیزز شوی دی، یوه حلقه93چې هغه یے په مینځ کښې پریښودې ده۔ میډم سپیکر، دا چې وائی،دا وائی مرکز ته لاړ شئی نو ته د څه شی دپاره دلته په خزانه باندې ناست یے؟ ته د خزانې منسټر نه یے؟ تا چې، میډم سپیکر دا په ریکارډ موجود ده چې ریلیزز دے،وزیر خزانه چې کوم ریلیزز کړی دی۔ په%1اؤ په%2باندې کړے دی۔ دا مونږ سره ریکارډ شته۔ که دو وائی چې مونږه پاک یو۔ د دوئی د پاک والی شان دا دے چې دوئ ریلیزز کړی دی خپلو خپلو سکیمونو ته، خپلو خپلو ټهیکیدارانو ته، خپلو خلو ورونړو ته۔ د دې وزیر

خزانه صاحب چې ثومره ورونړه دی اؤ ثومره د دوئ فرمونه دی هغوی ته یے ریلیزز کړی دی۔ داخو، داوائی انصاف دے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: خه۔ عنایت صاحب۔ عنایت۔

وزیر خزانہ: میڈم میں جواب میں کچھ کہنا چاہتا ہوں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: You wanted to say something? OK. Finance Minister.

وزیر خزانہ: یہ جو (شور)

Madam Deputy Speaker: Order in the House please.

وزیر خزانہ: میرے خیال میں جو بات یہاں پر رکھی گئی، اگر نوٹس دیا گیا ہے تو میرے خیال میں پھر یہ سوال، میڈم، جب یہ ڈسکشن کیلئے منظور کیا گیا ہے تو اس کیلئے کوئی جواز نہیں ہے کہ اس میں ڈسکشن کریں بلکہ یہ بحث کیلئے جب یہ Table ہو جائے پھر اسی دن بحث کریں گے۔ یہ اب میرے خیال میں ڈسکشن کیلئے جب منظور ہوا ہے تو That's all اب مزید اس پر ڈسکشن کی ضرورت نہیں ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی عنایت صاحب۔(۔۔۔۔۔شور۔۔۔۔۔)

جناب عنایت اللہ (سینئیر وزیر بلدیات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ دیکھئے میڈم ایک تو، ایک تو یہ جو طریقہ ہے یہ درست نہیں ہے۔ یہ رولز آف بزنس کے تحت نہیں ہے۔ ایک کوسچن پر دو تین سپلیمنٹری کوسچنز آ سکتے ہیں۔ آپ ایک کوسچن پر اتنا Debate اور اتنا شور نہیں کر سکتے ہیں جتنا۔ جب آپ نے ان کو Allow کر دیا Rule 48 کے نیچے کہ اس پر ڈسکشن ہو گی تو آگے یہ جو ہوٹنگ ہو رہی ہے، Shouting ہو رہی ہے اس طرح، یہ نہیں کرنا چاہئے۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ ساری تفصیلات ہم منگل کو رکھ دیں گے۔ لیکن یہ مجھے بتائیں کہ یہ ہمارے MNAs کو مرکز کے اندر کیا دے رہے ہیں؟ ایک بھی پیسہ نہیں دے رہے ہیں۔ ہم تو ان کو پیسے بھی دے رہے ہیں، ہم ان کو، ہم ان کو سکیمیں بھی دے رہے ہیں، Development Funds بھی دے رہے ہیں سن کچھ دے رہے ہیں۔ (شور) یہ، یہ بتائیں کہ یہ وہاں ان کو کیا دے رہے ہیں؟ اس لئے یہ، یہ بات نہیں چلی گی اس طرح۔ اور یہ، یہ ہمارا اختیار ہے، ہمارا اختیار ہے ہم جہاں جتنا (شور) ہمارا اختیار ہے ہم جتنے فنڈز جہاں دینا چاہتے ہیں وہ دے سکتے ہیں۔ یہ ہمارا اختیار ہے۔ ہم جہاں جتنے فنڈز دینا چاہیں گے ادھر دیں گے۔

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: راجہ فیصل زمان، راجہ فیصل زمان۔

سینئیر وزیر بلدیات: دیکھیں۔۔۔۔۔

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: فیصل زمان صاحب، فیصل زمان صاحب۔

(شور)

فیصل زمان صاحب، فیصل زمان صاحب۔

راجہ فیصل زمان: میڈم، میڈم سپیکر۔۔۔۔

(شور)

ایک منٹ سر (عبدالستار سے مخاطب ہو کر) سر آپ ایک بندے کو بات کرنے دیں۔ میڈم نے مجھے، میڈم نے مجھے دیا ہے سر، آنریبل منسٹر صاحب میں ذرا بات کرلوں؟

محترمہ زرین ریاضؔ: میڈم سپیکر، زه هم څه وئیل غواړمه نواز شریف د تقریر په حوالے سره

محترمہ ڈپٹی سپیکر: خه خه۔ دیے نه پس د رکوم ذرین۔

راجہ فیصل زمان: مجھے، مجھے میدم نے مائیک دی ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: فیصل زمان صاحب۔ زرین زرین د رکوم، تائم د رکوم۔

راجہ فیصل زمان: میں ایک منٹ، میڈم، میڈم۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: فیصل زمان صاحبYou are the last oneاؤ بیا د خپل د

راجہ فیصل زمان: میڈم میڈم میری بات سنیں۔ میڈم

محترمہ ڈپٹی سپیکر: آپ بولیں ناں۔ مائیک آن ہے۔

راجہ فیصل زمان: میڈم میڈم یہ ہماری اسمبلی ہے۔ اور ہم سب ادھر کے ممبرز ہیں اور اس میں ہم یہ نہیں ہے کہ ادھر کے ممبرز اٹھ کر کہتے ہیں کہ ہمارے والوں کو ادھر کیا ملا؟ بھئی ہم نے اس اسمبلی سے پوچھنا ہے کہ ہمیں کیا ملا، اور کیا نہیں ملا، ہمیں اپنا جواب چاہیئے، میڈم یہ ہمارا رائیٹ ہے، ہم اس پر ڈسکشن کریں، ہم یہ نہیں کہہ رہے ہیں، کہ مظفر سید صاحب، ہم کہتے ہیں کہ مظفر سید صاحب کو پی ایس ڈی پی میں کوئی پرابلمز ہیں، تو ہم ان کے ساتھ جانے کو تیار ہیں، لیکن ان کی اگر کوئی پالیسی فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ ہے تو اس کی سزا ہمیں ادھر صوبے میں تو نہ دے نا۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، اوکے۔

(تالیاں)

راجہ فیصل زمان: ہم یہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی ایسی چیز ہے، جو ان کی ایک پالیسی ہے، ان کے فریم ورک میں ان کے ایم این ایز فنڈز خود نہیں لیتے، تو ادھر ہمیں اس کی سزا مل رہی ہے۔ بخدا آج میں آپ کو سچی بات کہہ رہا ہوں، ہم سب کو دیوار کے ساتھ لگایا جارہا ہے، کہ ہم پی ٹی آئی کے ٹکٹ پر آکر الیکشن لڑیں۔۔۔۔

آوازیں: شیم شیم۔

راجہ فیصل زمان: ہم ان سے فنڈز اس صورت میں لیں کہ ہم پی ٹی آئی کے کینڈیڈیٹس ہوں، میڈم ہمارے فنڈز ہم کو ملے ہوئے ہیں، (شور) میڈم میری بات سنیں، یار مجھے بات کرنے دیں، (شور) ایک منٹ، ایک منٹ، میڈم جو سکیمیں ہمیں دی گئیں ہے، جو سکیمیں ہمیں مل گئیں ہیں، ان کے فنڈز ریلیز نہیں ہورہے ہیں، ہم سامنے والے بھائیوں کا احترام کرتے ہیں، یہ ہم جانتے ہیں، جب نوشہرہ ڈسٹرکٹ کا نام آتا ہے تو آپ کو سچی بات بتاؤں، آپ نوشہرہ والے اور بھائیوں سے بھی پوچھیں، نوشہرہ کے جو اور ایم پی ایز ہیں، ان کو بھی کچھ نہیں ملا، میں سچی بات کہہ رہا ہوں، آپ جب ہری پور کی بات کرینگے، تو ہری پور میں دو لوگ ایسے بھی ہونگے جو یتیم ہونگے۔ ان کو بھی کچھ نہیں ملا ہوگا، ہر ڈسٹرکٹ میں چند Constituencies کو دیا جارہا ہے۔ میڈم ہمارے بھائی ہیں، یہ ہمارے بھائی ہیں، ان کو ایک رائیٹ ملا ہے، ہم ان بھائیوں سے اپنا رائیٹ مانگ رہے ہیں، اور ان کو بتارہے ہیں کہ پچھلے سال کا فنڈز بھی آپ نے نہیں دیا، چیف منسٹر صاحب نے یہاں پر اون کیا ہے کہ میں دو ہفتوں کے اندر آپ کو فنڈ Distribute کرونگا، اب اس حد تک میڈم یہ حال ہو چکا ہے، آنریبل میڈم سپیکر، کہ ہمارے حلقوں میں اب یہ اپنی مرضی سے فنڈز دے کر اپنے Candidates لانچ کررہے ہیں، میڈم یہ اپنے الیکشن کی تیاری کر رہے ہیں، بخدا یہ ایک ڈیکورم ہے، پوری اسمبلی کا، یہاں پر ہم نے نہ نواز شریف صاحب کو خوش کرنا ہے، نہ عمران خان صاحب کو خوش کرنا ہے۔ ہم اپنے عوام کیلئے آئے ہیں میڈم، ہم نے اپنے عوام کو جواب دینا ہے، ہم نے اپنے لوگوں کو جواب دینا ہے، (ڈیسکیں بجائیں گئیں) اور لوگ ہم سے پوچھیں گے کہ آپ نے ادھر جاکر کیا گیا ہے؟ خدا جانتا ہے جھوٹ بولنے کی بھی ایک حد ہے میڈم، خدا جانتا ہے، پچھلی عید سے لیکر اس عید تک جھوٹ ہمارا کیسے چلے گا۔ اس عید پر بھی جب گھر جائیں گے کہیں گے کہ وزیر اعلی صاحب

نے کچھ نہیں دیا، بھائی آپ کی فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ جو مسئلہ بھی ہے،اس میں ہم آپ کے ساتھ چلنے کو تیار ہیں، لیکن خدارا ان کی سزا ہمیں تو نہ دے نا۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو، تھینک یو، تھینک یو فیصل صاحب، تھینک یو، زرین ضیاء۔ زرین ضیاء۔ And then I will coming, Zarin Zia, Thank you. ٹھیک ہے۔زرین ضیاء۔

<u>محترمہ زرین ریاض</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میڈم سپیکر، سب سے پہلے پرسوں جو ہمارے پرائم منسٹر صاحب نے خواتین کے بارے میں جو الفاظ استعمال کئے ہیں۔ میں اپنی تمام پاکستانی بہنوں کی طرف سے اور اپنی پی ٹی آئی کی خواتین کی طرف سے ان الفاظ کی شدید مذمت کرتی ہوں، کیونکہ (ڈیسکیں بجائی گئیں) کیونکہ پرائم منسٹر صاحب، صرف پی ایم ایل ن کے پرائم منسٹر نہیں ہیں۔ وہ تمام پاکستان کے پرائم منسٹر ہیں، اور ان کو اس عہدے پر پاکستانی عوام نے بٹھایا ہے، تو وہ اگر ایسے الفاظ استعمال کرتے ہیں، تو ان کے ساتھ یہ الفاظ اچھے نہیں لگتے اور میں ایک ان کو یاد دلانا چاہتی ہوں کہ جنرل ضیاء کے دور میں جب وہ گرفتار ہوئے تھے، تو اسی وقت ہماری بہن کلثوم نواز صاحبہ پروٹیسٹ کیلئے نکلی تھی، وہ بھی ایک خاتون تھی، تو ہم تمام خواتین ان کے الفاظ کی شدید مذمت کرتے ہیں، اور ہمارے دلوں کو بہت تکلیف پہنچی ہے، ان کو یہ الفاظ واپس لینے چاہیئے۔ تھینک یو ویری مچ۔

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Yeah! I think I am going to read rule 48, listen to rule 48, rule No. 48:

"**Discussion on matter of public importance arising out of answer to a question.-**(1) On every Tuesday, the Speaker may, on two clear days' notice being given by a Member, allot one hour for discussion on a matter of public importance which has recently been the subject of a question, starred or Un-starred".

So I have read this and this is one of our discussion will be given, I am going to the next, Question Hour is finished.

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

4773 _ <u>مفتی سید جانان</u>: کیا وزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ وزیر خزانہ نے صوبے کے مختلف اضلاع کو صوابدیدی فنڈ دیا ہے جس میں کچھ اضلاع کو زیادہ اور کچھ کو کم دیا گیا ہے؛

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2013ء سے اب تک وزیر خزانہ کے صوابدیدی فنڈز کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔ نیز جن اضلاع میں جن لوگوں کے ذریعے یہ فنڈ خرچ کیا گیا انکے نام وپتہ کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے؟

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): (الف) جی ہاں یہ درست ہے۔

(ب) چونکہ مذکورہ فنڈز وزیر خزانہ کی صوابدیدی اختیار کے تحت بجٹ میں مخصوص کئے گئے تھے۔ لہذا یہ صوابدیدی فنڈز وزیر خزانہ کی منظوری سے ان اضلاع کو ہی جاری کئے گئے تھے۔ جن اضلاع کے نمائندوں نے مطالبہ کیا تھا اور اس مد میں سال 14-2013 اور 15-2014 میں مندرجہ ذیل رقوم جاری کی گئیں ہیں۔ جس کی ضلع وائز تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی، جبکہ 16-2015 اور 17-2016 کے بجٹ میں وزیر خزانہ کا کوئی صوابدیدی فنڈ مختص نہیں۔

نمبر شمار	مالی سال	رقم فنڈز
1۔	2013-14	83.616 ملین
2۔	2014-15	83.549 ملین۔

3880 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت اس وقت شدید مالی بحران کا شکار ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مالی خسارہ پورا کرنے کے لئے حکومت دس ارب روپے کا سودی قرضہ ڈومیسٹک قرضہ لینے کا فیصلہ کیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ قرضہ کس شرح سود کے ساتھ اور کتنی مدت میں قابل واپسی ہوگی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): (الف) جی نہیں۔

(ب) ہاں یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے سال 17-2016 کے منظور شدہ بجٹ میں اس مد میں 12.2 ملین روپے مختص کئے ہیں لیکن بجٹ کی اس مد کو "مالی خسارہ پورہ کرنے" کا نام دینا درست نہیں ہے۔ اس طرح کا قرضہ مالی وسائل میں شامل کرنا صوبے کا آئینی حق ہے۔ بہر حال یہ قرضہ حاصل کرنے کا فیصلہ مناسب موقع پر کیا جائے گا۔

(ج) چونکہ حکومت نے ابھی تک یہ قرضہ لینے کا فیصلہ نہیں کیا اس لئے یہ سوال پیش از وقت ہے۔

4766 _ جناب سردار حسین چترالی: کیاوزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع چترال میں 15-2014 کے دوران مختلف جگہوں پر حفاظتی پشتوں اور نہروں کی مرمت و تعمیر کی منظوری دی گئی تھی:

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو تکمیل شدہ منصوبوں کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سکندر حیات خان (سینیئر وزیر آبپاشی): (الف) جی ہاں یہ درست ہے۔

(ب) سال 15-2014 کے دوران ضلع چترال میں مختلف جگہوں پر حفاظتی پشتوں اور نہروں کی مرمت و تعمیر کی منظوری دی گئی۔

(الف) 15-2014 میں حفاظتی پشتوں کی مرمت شدہ کاموں کی تفصیل درجہ ذیل ہے۔

1۔ دریائے چترال کے ساتھ بمقام دنین میں حفاظتی پشتوں کی مرمت کا کام۔

2۔ زیت کول کے ساتھ حفاظتی پشتہ کی مرمت۔

3۔ ریشن کول کے ساتھ حفاظتی پشتہ کی مرمت۔

4۔ آومی کول کے ساتھ حفاظتی پشتہ کی مرمت۔

